
سبق:۱۶

# مور اور سانپ







ایک برگد کے درخت پر کئی چڑیوں کے گھر تھے۔ درخت کے ایک سوراخ میں ایک طوطے کا بھی گھر تھا۔ طوطا بہت خوبصورت تھا۔ ہرا ہرا رنگ اور لال لال چونچ۔ اسی درخت پر ایک مور اور مورنی کا جوڑا بھی رہتا تھا۔

چڑیے دن بھر جنگل میں اِدھر اُدھر گھومتے تھے۔ شام ہوتے ہی اپنے گھونسلے کو لوٹ آتے تھے۔

ایک دن آسمان پر کالے کالے بادل چھاگیے۔ گڑگڑاہٹ کے شور کو سن کر اور کالے بادلوں کو دیکھ کر مور خوشی سے جھوم جھوم کر ناچنے لگا۔ مورنی بھی اِدھر اُدھر پُھد کنے لگی۔

یکا یک مور کو طوطے کی ٹیں ٹیں کی آواز سنائی دی اس نے ناچنا بند کر کے اوپر دیکھا سب چڑیے پتوں میں چھپ گیے تھے۔ طوطا اب زور زور سے چلانے لگا تھا۔

مور کو لگا جیسے طوطا اس کو بلا رہا ہے۔ مور نے دیکھا ایک سانپ طوطے کے گھونسلے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ مور ایک اڑان میں طوطے کے گھونسلے تک پہنچ گیا۔ اس نے سانپ کو چونچ سے پکڑا اور زور سے زمین پر پٹک دیا۔ سانپ ڈر گیا، وہ تیزی سے بھاگا۔ اور جان بچا کر اپنے بل میں گھس گیا۔ اس طرح مور نے اپنے پڑوسی طوطے کی مدد کی اور اس کی جان بچائی۔

★★★

## الفاظ اور معانی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| درخت | بڑا پیڑ | سوراخ | بِل |
| گھونسلہ | چڑیوں کا گھر۔ بسیرا | شور | آواز |

## مشق

ا۔ سوچیے اور بتائیے:

(الف) طوطا کہاں رہتا تھا؟

(ب) طوطا کیوں ٹیں ٹیں کر رہا تھا؟

(ج) سب چڑیے کیوں چھپ گیے؟

(د) سانپ کو دیکھ کر مور نے کیا کیا؟

(ہ) سانپ ڈر کر کیوں بھاگا؟

۲۔ آوازیں لکھیے:۔

طوطا بولا ٹیں ٹیں بلی بولی ............ کتا بولا ............ کوا بولا ............

۳۔ نیچے دیے گیے لفظوں کو پڑھیے اور انہیں خود لکھیے:۔

برگد.......... درخت.......... سوراخ.......... خوبصورت.......... چونچ.......... جوڑا..........

جنگل.......... شور.......... آسمان.......... سانپ..........

۴۔ کون کس سے ڈرتا ہے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چوہا | بلی | سے ڈرتا ہے | .......... | .......... | سے ڈرتا ہے |
| .......... | .......... | سے ڈرتا ہے | .......... | .......... | سے ڈرتا ہے |

۵۔ پہچانیے اور نام لکھئے:۔

______ ______ ______ ______

٦۔ عملی کام: ایک طوطے کی تصویر بنائیے اور اس میں رنگ بھریے:۔